## 120670 _ مقتدی اگر سجدہ تلاوت والی آیت پڑھ لے تو کیا کرے؟

**سوال**

اگر میں امام کے پیچھے کھڑا ہوں، اور سجدہ تلاوت والی آیت پڑھ لوں تو کیا کروں؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

"آپ سجدہ نہیں کرسکتے؛ کیونکہ امام کی اقتدا کرنا واجب ہے، جبکہ سجدہ تلاوت سنت ہے، اس لئے مقتدی ہونے کی صورت میں کسی کیلئے سجدہ تلاوت کرنا جائز نہیں ہے، اور اگر اس نے اِس حالت میں سجدہ تلاوت کی ممانعت جانتے ہوئے سجدہ کر لیا تو اسکی نماز باطل ہو جائے گی"انتہی
شیخ ابن عثیمین .